© rasailojaraid.com

حکمت مودودیؒ

# علامہ اقبالؒ کا اصل کارنامہ

اقبال کے کارنامے کو ہم مختلف عنوانات کے تحت بیان کر سکتے ہیں:

○ **مغربی تہذیب پر ضرب کاری:** سب سے اہم کام جو اقبال نے انجام دیا وہ یہ تھا کہ انھوں نے مغربیت اور مغربی مادہ پرستی پر پوری قوت کے ساتھ ضرب لگائی۔ اگرچہ یہ کام اس وقت علمائے دین اور اہلِ مدارس اور خطیب حضرات بھی انجام دے رہے تھے، مگر ان کی باتوں کو یہ کہہ کر نظرانداز کر دیا جاتا تھا اور کیا جا سکتا تھا کہ یہ لوگ مغربی فلسفے اور مغربی تہذیب وتمدن سے واقفیت نہیں رکھتے۔ لوگ ان اہلِ علم کی بات کو کچھ زیادہ وزن نہیں دیتے تھے جو اگرچہ دین سے تو واقف تھے، لیکن مغربی علوم، مغربی فلسفے، مغربی تہذیب اور مغربی زندگی سے پوری طرح واقف نہیں تھے۔ ان کے برعکس اقبال وہ شخص تھا کہ وہ اس سے زیادہ مغرب کو جانتا ہے اور اس سے زیادہ مغرب کے فلسفے اور مغربی علوم سے واقف ہے۔ اس لیے جب اقبال نے مغربیت، مغربی مادہ پرستی، مغربی فلسفے اور مغربی افکار پر چوٹ لگائی، تو مسلمانوں پر مغرب کی جو مرعوبیت طاری تھی وہ کافور ہونے لگی، اور واقعہ یہ ہے کہ اس مرعوبیت کو توڑنے میں اکیلے اقبال کا کارنامہ سب سے بڑھ کر ہے......

اس کے ساتھ اقبال نے مسلمانوں کے اندر یہ احساس پیدا کیا کہ اسلام کوئی پرانا اور ازکاررفتہ نظام نہیں ہے جو اس زمانے میں کام نہ کر سکتا ہو۔ انھوں نے اپنے شعر سے بھی اور اپنی نثر سے بھی یہ بات مسلمانوں کے ذہن نشین کی کہ اسلام ازلی وابدی اصولوں کا حامل ہے۔ اسلام کسی وقت بھی پرانا نہیں ہوسکتا۔ اس کے اصول ہر زمانے میں یکساں قابلِ عمل ہیں......

○ **وطنی قومیّت کی تردید:** اس کے ساتھ علامہ اقبال نے جو عظیم کارنامہ انجام دیا وہ یہ ہے کہ انھوں نے وطنی قومیت اور قوم پرستی پر ایک شدید ضرب لگائی۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انھوں نے قوم پرستی، نیشنلزم اور وطنی قومیت پر بروقت ضربِ کاری نہ لگائی ہوتی تو آگے چل کر مسلمانوں کو کانگرس میں جذب کرنے کے لیے جو تحریک اٹھی تھی اس سے مسلمانوں کا بچ جانا محال تھا...... اگر اقبال نے یہ تعلیم بروقت نہ دی ہوتی تو بعد میں کانگرس نے رابطہ عوام (mass contact) کی جو تحریک شروع کی تھی اور جس میں علما اور اشتراکی حضرات بھی شریک تھے، وہ تحریک مسلمانوں کو ہندوؤں کے اندر اس طرح سے گھلا دیتی جیسے نمک پانی کے اندر گھل جاتا ہے۔ لیکن اقبال نے مسلمانوں میں یہ احساس پیدا کیا کہ قومیت، وطن اور زبان سے نہیں بنتی ہے بلکہ قومیت دین اور عقیدے سے بنتی ہے۔ اس نے مسلمانوں میں اس شعور کو بیدار کیا کہ تم ایک عقیدہ اور ایک تہذیب رکھنے والی قوم ہو، تمھاری قومیت ان لوگوں سے بالکل مختلف ہے جن کی تہذیب اور عقیدہ و مسلک تم سے الگ ہے۔

○ **وحدتِ ملّی کا احساس**: اس کے ساتھ اقبال نے مسلمانوں کے اندر یہ احساس بھی اُبھارا کہ تمام دنیا میں ملتِ اسلامیہ ایک وحدت ہے اور اس کو ایک وحدت ہونا چاہیے۔ اس طرح انھوں نے بیک وقت دو کام کیے ـــــ باہر کی دنیا میں مسلمان جس طرح قوم پرستی میں مبتلا ہو کر ایک دوسرے سے کٹ رہے تھے اور ایک دوسرے کو کاٹ رہے تھے، اور جس طرح ترکوں اور عربوں کے درمیان ایک المناک کش مکش برپا ہوئی اور اس کے نتیجے میں شرقِ اوسط پر جو تباہی آئی اور تمام ممالکِ اسلامیہ جس مصیبت میں مبتلا ہوئے، وہ سب اس قوم پرستی کا نتیجہ تھا جس کی تبلیغ واشاعت عیسائیوں نے عربوں اور ترکوں کے درمیان کی تھی۔ ایک طرف تو اقبال نے تمام دنیا کے مسلمانوں کو اس بات کی دعوت دی کہ تم ایک ملتِ واحدہ ہو، اور جس قوم پرستی میں تم مبتلا ہو یہ ایک بالکل غلط اور مہلک تصور ہے، دوسری طرف انھوں نے ہندی مسلمانوں میں یہ احساس پیدا کیا کہ تم مسلمان ہونے کی حیثیت سے ایک قوم اور ایک ملت ہو۔ تمھارا کسی دوسری قوم میں جذب ہونا سراسر ایک باطل نظریہ ہے۔ اگر اقبال نے بروقت یہ اقدام نہ کیا ہوتا اور اسلامی قومیت کے صحیح تصور کی تبلیغ کر کے مسلمانوں کے اندر اپنی اسلامی قومیت کا احساس پیدا نہ کر دیا ہوتا تو آج اس پاکستان کا کہیں وجود نہ ہوتا......

○ **دین و سیاست کے باطل تصور کی بیخ کنی**: اقبال کا ایک بڑا کارنامہ یہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی انجام دیا کہ دین اور سیاست کی علیحدگی اور دین و دنیا کی تفریق کا جو تصور مغرب سے آ کر مسلمانوں میں پھیل رہا تھا اور جس کی وجہ سے لوگ یہ سمجھنے لگے تھے کہ اہلِ دین کو سیاست سے کیا تعلق اور دین کو سیاست میں گھسیٹنے کا کیا کام' اقبال نے اس باطل تصور کا ٹھیک وقت پر مقابلہ کیا۔ اس نے دین بے سیاست کی بھی برملا مذمت کی اور سیاستِ بے دین کو بھی علانیہ مذموم قرار دیا۔ سیاستِ بے دین کے متعلق اقبال کا ایک مصرع ایسا ہے کہ اس موضوع پر تمام دنیا کا لٹریچر ایک طرف اور وہ مصرع ایک طرف ___ ان کا کہنا ہے کہ ع

جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

......اسی طرح سے مسلمانوں کے دماغوں میں جو یہ خیال جاگزیں ہو چکا تھا کہ اہلِ دین کا کام تو بس اللہ اللہ کرنا ہے یا مسجدوں اور مدرسوں میں فقط قرآن و حدیث پڑھنا ہے' ان کا سیاست سے بھلا کیا تعلق ___ اس غلط تصور پر بھی اقبال نے ایک کاری ضرب لگائی ہے اور اس کو بھی ایک مصرع میں بیان کر دیا' اور واقعہ یہ ہے کہ اس موضوع پر جتنا کچھ لکھا جا سکتا ہے وہ سب ایک طرف اور وہ مصرع ایک طرف۔ اقبال کہتا ہے کہ ع

عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کارِ بے بنیاد

......اس کے ساتھ اقبالؒ نے مثبت طور پر یہ بات مسلمانوں کے ذہن نشین کی ہے کہ تمھاری مصیبتوں اور مسائل کا اگر کوئی حل ہے' تو وہ صرف یہ ہے کہ تم قرآن کی پیروی کرو اور اپنی زندگیوں پر اسلام کے آئین کو نافذ کرو۔ انھوں نے ۱۹۳۷ء میں قائداعظمؒ کے نام جو خط لکھا تھا اس میں واضح طور پر یہ بتایا تھا کہ مسلمانوں کے معاشی مسائل کا کوئی حل ہے تو وہ صرف اسلامی آئین کے نفاذ میں مضمر ہے۔

یہ وہ کارنامہ تھا جو اقبال نے اپنی زندگی میں انجام دیا......

○ **اقبال اور عدلِ اجتماعی:** سوشلزم یا کسی دوسرے غیر اسلامی نظریہ وفکر کے برعکس اقبالؒ نے تو بڑی وضاحت اور قطعیت کے ساتھ مسلمانوں کو یہ تصور دیا کہ محض سیاسی آزادی یا اقتصادی بہبود ہی تمھارا مقصود نہیں ہے بلکہ اسلام کی حفاظت تمھارا اصل مقصد ہے۔ اس نے بار بار یہ بات لوگوں کے ذہن نشین کی تھی کہ ہمارا عقیدہ' ہماری تہذیب' ہماری روایات اور ہماری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اخلاقی اقدار ہی ہمارے لیے اصل چیزیں ہیں۔ محض روٹی یا زمین کا ٹکڑا کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کے لیے ایک مسلمان جیئے یا مرے۔ اقبال نے واضح طور پر یہ کہا تھا کہ مسلمانوں کو ایک وطن صرف اس لیے چاہیے کہ وہ وہاں اسلام کے اصولوں پر زندگی بسر کر سکیں۔ ان کی ۱۹۳۰ء کی تقریر سے جس میں انھوں نے پاکستان کی اصطلاح استعمال کیے بغیر پاکستان کا تخیل پیش کیا تھا، یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ ان کی نظر میں اگر کوئی چیز اہم تھی تو صرف یہ کہ کسی طرح اسلام اور اہلِ اسلام کو سربلندی نصیب ہو۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ ہندستان میں ہندوؤں کے ساتھ رہ کر مسلمان اپنی تہذیب پر قائم نہیں رہ سکتے۔ اس لیے انھوں نے صرف مسلمانوں کی تہذیب کو زندہ رکھنے کے لیے ایک الگ اور آزاد مملکت کے حصول کا تصور پیش کیا—— ان سب چیزوں کو دیکھنے کے بعد محض کسی ایسے لفظ یا اصطلاح کی بنیاد پر جو انھوں نے اتفاقاً کسی موقع پر کسی دوسرے سیاق و سباق (context) میں، کسی دوسرے مفہوم میں استعمال کی ہو، اس کی طرف کسی خاص نظریے کو منسوب کرنا صریح بددیانتی بھی ہے اور مسلمانوں کو دھوکا اور فریب دینا بھی ہے۔

آخری بات: اس سلسلے میں آخری بات یہ ہے کہ علامہ اقبالؒ اور قائداعظمؒ آپ کو اسلام کی بنیاد پر ایک وطن دے کر گئے ہیں۔ اقبال نے آپ کو فکر اور نظریہ دیا اور قائداعظم کی قیادت میں آپ کو یہ وطن حاصل ہوا۔ اس وطن کی انوکھی شان یہ ہے کہ اس کا نظریہ پہلے وجود میں آیا اور ملک بعد میں بنا۔ اگر اس ملک کے بنیادی نظریے کو یا دوسرے لفظوں میں اس کی نظریاتی بنیاد کو ہٹا دیا جائے، تو یہ ملک قائم نہیں رہ سکتا۔ آج اس ملک کی نظریاتی بنیاد پر مختلف اطراف سے حملے کیے جا رہے ہیں [اور اب ''روشن خیالی'' اور ''اعتدال پسندی'' کی آڑ میں یہ حملے جاری ہیں]، لیکن کیا آپ اس چیز کو جو اتنی محنتوں اور عظیم قربانیوں کے نتیجے میں حاصل ہوئی یونہی اپنی غفلت اور کوتاہ ہمتی سے ضائع کر دیں گے ____؟ میں کہتا ہوں کہ اگر آپ نے اس کو کھو دیا تو گویا تاریخِ انسانی میں یہ بات ثابت کر دیں گے کہ ایک بیوقوف قوم تھی جس نے لاکھوں جانوں، اَن گنت عصمتوں اور کروڑوں اور اربوں روپوں کی جایدادیں قربان کر کے ایک وطن حاصل کیا، مگر وطن حاصل کرنے کے بعد ۲۳ برس کی مدت کے اندر ہی اندر اس کو کھو بھی دیا۔ اگر خدانخواستہ ایسا ہوا تو تاریخ میں آپ کا مقام ایک بے وقوف اور ایک احمق قوم کی حیثیت سے باقی رہ جائے گا (بشرطیکہ آپ کی تاریخ کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



باقی رہنے دیا گیا)۔ اگر آج آپ نے اشتراکیت یا وطنی قومیت کے نظریے یا کسی اور باطل ازم کو اختیار کیا تو صرف یہی نہیں کہ آپ کی آزادی ختم ہو جائے گی، بلکہ میں کہتا ہوں کہ آپ کا وجود بھی ختم ہو جائے گا، اور مجھے یہ کہنے میں تامل نہیں کہ اسپین کے بعد تاریخ کا یہ دوسرا بھیانک المیہ ہوگا کہ اس برعظیم میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کا خاتمہ ہو گیا۔

اس وجہ سے یہ وقت ہے کہ مسلمانوں کے نوجوان، مرد اور عورتیں، بچے اور بوڑھے سب اس بات کے لیے متحد ہو جائیں کہ وہ یہاں اسلام کا نظام ہی غالب کریں گے اور اُن لوگوں کی کوششوں کو قطعی طور پر ناکام بنا دیں گے جو مسلمانوں کو اسلام کے عقیدے اور نظامِ حق سے منحرف کرنا چاہتے ہیں، اور اس طرح ان کو فتنوں میں مبتلا کر کے تباہی کی طرف دھکیلنا چاہتے ہیں۔

(انتخاب از خطاب بموقع یومِ اقبال، ۲۱ اپریل ۱۹۷۰ء، پنجاب یونی ورسٹی ہال، لاہور)

(شخصیات، البدر پبلی کیشنز، اُردو بازار، لاہور، ص ۲۳۲-۲۴۴)

---

## ترجمان القرآن کے خصوصی معاون بنیے

ترجمان القرآن کے قارئین اور قدردانوں میں جن حضرات و خواتین کو اللہ تعالیٰ نے کشادگی عطا کی ہے اور جن کے لیے کسی نیک کام کے لیے یکمشت ۳ ہزار روپے نکالنا کوئی مسئلہ نہ ہو، ان سب سے میری ذاتی گزارش ہے وہ ترجمان القرآن کے خصوصی معاون بن کر احیاے اسلام کی تاریخ ساز جدوجہد کے اس نشان سے اپنی وابستگی ظاہر کریں۔

بیرون ملک حضرات سے میری خصوصی گزارش ہے کہ وہ پاکستان کے اپنے پتے کے حوالے سے ضرور معاون بنیں۔ ہمارا ہدف ایک ہزار خصوصی معاون ہے جو بہت بڑا ہدف نہیں۔ ابھی ۳۶۴ خصوصی معاون بنے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد

مدیر

☆ خصوصی معاون ہر سال زرتعاون ارسال کرنے کی زحمت سے بچ جاتے ہیں۔ انھیں بائبل پیپر کا خصوصی ایڈیشن ارسال کیا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


# جامعہ اسلامیہ جدیدہ

فیصل ٹاؤن، وہاڑی (پنجاب)

◎ اپنی اور اپنی اولاد کی ہر دو جہاں میں سرخروئی کے لیے اُنھیں اعلیٰ سیرت و کردار کے حامل تحریکی علمائے دین بنانے کی فکر کیجیے۔ آج یہ آپ کے اختیار میں ہے۔ دیکھنا، کل کہیں پچھتانا نہ پڑے!

◎ پرائمری کے بعد ۱۱ سالہ اور مڈل کے بعد آٹھ سالہ نصاب تعلیم ایم اے عربی/اسلامیات کے مساوی فاضل درس نظامی اور دورۂ حدیث کی تکمیل کے ساتھ ساتھ بی اے تک مروّجہ تعلیم۔

— تعلیمی اور اقامتی، تمام سہولیات فری —

درجہ اولیٰ (ششم) درجہ ثانیہ (ہفتم) اور درجہ رابعہ (نہم) میں داخلہ جاری ہے

علاوہ ازیں درجہ حفظ میں حفظ قرآن کے ساتھ ساتھ بنیادی اسلامی و پرائمری تعلیم

**ضرورت اساتذہ:** اولیٰ تا خامسہ کلاسز (ششم تا دہم) عربی، انگریزی، ریاضی، کمپیوٹر مضامین کی تدریس کے لیے تحریکی اور تجربہ کار گریجوایٹ/پوسٹ گریجوایٹ اساتذہ اور صدر مدرس کی آسامیوں کے لیے فوری رجوع فرمائیں۔ معقول مشاہرہ اور مراعات

چیئرمین ڈاکٹر محمد اقبال، فون نمبر: 65216 / 63362 - 06733 موبائل: 0300-7722363



الحمدللہ! کامیابیوں کی طرف رواں دواں

# غزالی کالج

لاہور، اسلام آباد، مری، کوٹلی ستیاں

میٹرک تا ایم اے

- ☆ معیاری تعلیم
- ☆ بھرپور نصابی و ہم نصابی سرگرمیاں
- ☆ جدید لیبارٹریز
- ☆ معیاری لائبریری
- ☆ ہاسٹل کی سہولت

بورڈ اور یونی ورسٹی میں غزالی کالجوں کے شاندار نتائج

فیڈرل بورڈ سے میٹرک میں دوسری پوزیشن

انٹرمیڈیٹ میں بورڈ میں **پہلی پوزیشن**

پنجاب یونی ورسٹی میں ۹۲ فی صد طالبات کی فرسٹ ڈویژن

ICS اور F.Sc میں کامیابی کا تناسب ۱۰۰ فی صد

ہونے پر ہم اللہ تعالیٰ کے بے حد شکر گزار ہیں

- ☆ بہترین اسلامی تربیت
- ☆ فہم قرآن کی باقاعدہ کلاسیں
- ☆ تربیتی سیمی نارز
- ☆ ورکشاپس
- ☆ قابل و محنتی سٹاف

لیاقت بلوچ
چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

فون: 5882939 , 5119679
ای-میل: info@get.org.pk


© rasailojaraid.com